## نتائج سالانہ امتحانات جامعہ علوم اثریہ

### قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ میں جامعہ بھر میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے خوش نصیب طلباء

| | |
|---|---|
| عبدالرحمٰن بن حضرت علی | اول |
| عبداللہ بن عبداللطیف | دوم |
| ضیاء الحق بن محمد نبی | سوم |

### قسم تحفیظ القرآن الکریم میں جامعہ بھر میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے خوش نصیب طلباء

| | |
|---|---|
| محمد ماجد بن محمد منشاء | اول |
| ابوذر بن شمس الرحمٰن | اول |
| ارسلان بن فیاض | دوم |
| طلحہ بن احمد حقیق | سوم |
| عبدالجبار بن عبدالستار | سوم |

### جامع مسجد العزیز اہل حدیث شمالی محلّہ میں شان صحابہؓ کانفرنس

مورخہ 8 جون بروز بدھ جامع مسجد العزیز اہل حدیث شمالی محلّہ میں عظیم الشان شان صحابہؓ کانفرنس منعقد ہوئی۔کانفرنس کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان نے کی۔اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے سرانجام دیئے۔کانفرنس سے مبلغ اسلام حضرت مولانا عبدالباسط شیخوپوری نے شان صحابہؓ کے موضوع پر مفصل خطاب کیا۔شاعر اسلام خالد حسین محمدی (گجرات) نے حمد ونعت پیش کی۔پروگرام کے آخر میں مہمانوں کی ضیافت کی گئی۔

وفیات

### ممتاز صحافی عبدالرحمٰن انصاری لاہور کو صدمہ

ممتاز صحافی عبدالرحمٰن انصاری لاہور کی والدہ محترمہ مورخہ 11 مئی بروز بدھ وفات پاگئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ انتہائی نیک اور پارسا خاتون تھیں۔مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں رئیس الجامعہ نے ان کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی۔

### عبدالوحید اور محمد افضال (محلّہ مستریاں) کو صدمہ

مورخہ 24 مئی بروز منگل عبدالوحید اور محمد افضال کے والد عبدالرشید وفات پاگئے۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحوم جامع مسجد اہل حدیث محلّہ مستریاں کے مستقل نمازی اور نیک انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## جہانگیر عالم اور ارشد محمود زرگر کو صدمہ

مورخہ 4 جون بروز ہفتہ جہانگیر عالم کے بھائی اور ارشد محمود زرگر کے بہنوئی خورشید عالم وفات پا گئے۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحوم بااخلاق اور اچھے انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## مولانا خرم شہزاد کو صدمہ

مورخہ 16 جون بروز جمعرات مولانا خرم شہزاد کا نومولود بھتیجا وفات پا گیا۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔نماز جنازہ جامع مسجد ابوبکرؓ اہل حدیث ڈھوک جمعہ میں مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## محمد عدیل ومحمد ایاز کو صدمہ

مورخہ 19 جون بروز اتوار محمد عدیل ومحمد ایاز کے والد مرزا محمود احمد شمالی محلہ میں وفات پا گئے۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحوم جامع مسجد العزیز اہل حدیث شمالی محلہ کے مستقل نمازی تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ مولانا محمد اصغر نے پڑھائی۔

## شیخ محمد رفیق وشیخ احمد رفیق (چوک اہل حدیث) کو صدمہ

مورخہ یکم جولائی بروز جمعہ شیخ محمد رفیق کی اہلیہ اور شیخ احمد رفیق کی والدہ محترمہ (چوک اہل حدیث) میں وفات پا گئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند خاتون تھیں۔نماز جنازہ مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں نماز جمعہ کے بعد مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## عبدالرحمٰن، عتیق الرحمٰن وعزیز الرحمٰن (ہمدرد دواخانہ) کو صدمہ

مورخہ 7 جولائی بروز جمعرات عبدالرحمٰن، عتیق الرحمٰن وعزیز الرحمٰن کے چچا جان فضل الرحمٰن وفات پا گئے۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحوم بااخلاق انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## ضیاء الحق نعمانی واحسان الحق نعمانی (نعمانی کتب خانہ لاہور) کو صدمہ

مورخہ 18 جولائی بروز سوموار ضیاء الحق نعمانی واحسان الحق نعمانی کی والدہ محترمہ اچانک وفات پا گئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ان کی نماز جنازہ میرپور میں ادا کی گئی۔

## سیٹھی عبدالمجید شاہد (کراچی لائٹ ہاؤس) کو صدمہ

مورخہ 20 جولائی بروز بدھ سیٹھی عبدالمجید شاہد کی ہمشیرہ محترمہ وفات پا گئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحومہ نیک اور بااخلاق خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا محمد اصغر نے پڑھائی۔

## عبدالرؤف ڈار، محمد شاہد ڈار، عبدالوحید ڈار، فیصل محمود، جمیل عمر وخلیل عمر (کالا گوجراں) کو صدمہ

مورخہ 31 جولائی بروز اتوار عبدالرؤف ڈار کے بھائی، محمد شاہد ڈار وعبدالوحید ڈار کے چچا جان اور فیصل محمود، جمیل عمرو

خلیل عمر کے والد محترم شمشاد احمد کالا گوجراں میں وفات پا گئے۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحوم با اخلاق اور ملنسار انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## سعید احمد بٹ، وحید احمد بٹ، ذوالفقار احمد بٹ وسجاد احمد بٹ (چوک اہل حدیث) کو صدمہ

مورخہ یکم اگست بروز سوموار سعید احمد بٹ، وحید احمد بٹ، ذوالفقار احمد بٹ وسجاد احمد بٹ کے والد اور مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث کے مستقل نمازی غلام قادر عرف ماما جی ہارٹ اٹیک ہونے کی وجہ سے وفات پا گئے۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور انتہائی با اخلاق اور نیک انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

ادارہ "حرمین" وجامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)


## اشاعت دین کا مرکز......ادارہ تبلیغ اسلام جام پور

**تعارف و کارکردگی!** ادارہ تبلیغ اسلام ملک کا عظیم ومنفرد ادارہ ہے جس کی طرف سے بڑے پیمانے پر دینی لٹریچر چھپوا کر مفت تقسیم کیا جاتا ہے۔ادارہ کا لٹریچر پڑھ کر ہزاروں لوگ راہ ہدایت پا چکے ہیں۔ملک بھر کی اکثر وبیشتر مساجد میں ادارہ کے اشتہارات آویزاں ہیں۔موجودہ دور میں دینی لٹریچر کی اشاعت وتقسیم صدقہ جاریہ اور عظیم جہاد ہے۔ادارہ کا کوئی مستقل ذریعہ آمدنی نہیں ہے بلکہ مخیر احباب کے رضا کارانہ تعاون سے اشاعت دین کا یہ سب کام سرانجام دیا جا رہا ہے۔

**جامعہ محمدیہ:** ادارہ کے تحت علاقہ کی معروف دینی درس گاہ "جامعہ محمدیہ" بھی قائم ہے جس میں طلباء کو مفت قرآن وحدیث کی تعلیم دی جاتی ہے۔اقامتی طلباء کے طعام، قیام، لباس، علاج وغیرہ کی تمام سہولیات کا انتظام ہے۔محنتی اور قابل اساتذہ تدریسی خدمات انجام دے رہے ہیں۔جامعہ ھذا میں سالانہ عظیم الشان تبلیغی کانفرنس منعقد کی جاتی ہے جس میں ہزاروں لوگ شریک ہو کر علمائے کرام کے مواعظ حسنہ سے مستفید ہوتے ہیں۔

**متاثرین سیلاب کی امداد:** ملک کی تاریخ کے ہولناک اور تباہ کن سیلاب سے متاثر ہونے والے لوگوں کی بھرپور مدد کی گئی۔سوا تین کروڑ روپے سے زائد بصورت نقد: راشن، بستر، نلکے، پنکھے وغیرہ لوگوں میں تقسیم کئے گئے۔متاثرین کو 52 مکانات تعمیر کروا کر دیئے گئے۔متاثرین سے تعاون کا یہ سلسلہ جاری ہے۔جماعت کے مخیر احباب نے اس مشن میں بھرپور مدد فرمائی۔اللہ تعالیٰ سب معاونین کو جزائے خیر عطاء فرمائے۔آمین!

**تعاون کی خصوصی اپیل**

تمام احباب سے خصوصی اپیل ہے کہ رمضان المبارک میں خصوصی طور پر زکوٰۃ، عشر، صدقات اور اپنے مال کی خاص مد سے ادارہ کے اشاعتی پروگرام، مدرسہ میں زیر تعلیم طلباء اور متاثرین سیلاب کیلئے بھرپور مالی اعانت ارسال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

**تعاون بذریعہ بینک:** اکاؤنٹ نمبر 03-00166008-1107 حبیب بینک جام پور (بنام ادارہ تبلیغ اسلام اہل حدیث)

بذریعہ ڈاک منی آرڈر: محمد یٰسین راہی مدیر ادارہ تبلیغ اسلام جام پور ضلع راجن پور پنجاب

**رابطہ نمبر:** 0333-8556473